سکلز اسیسمنٹ پائلٹ
(مہارتوں کی جانچ کا پائلٹ پروگرام)

Australian Government
Department of Employment and Workplace Relations

مفت اور فاسٹ ٹریکڈ (جلد) سکلز اسیسمنٹ

اگر آپ آسٹریلیا میں رہنے والے تارک وطن ہیں تو شاید آپ مائیگرنٹس پائلٹ کے تحت اپنی سکلز اسیسمنٹ کروانے کے اہل ہوں۔

یہ پیشکش کیا ہے؟

مفت اور فاسٹ ٹریکڈ سکلز اسیسمنٹس آسٹریلیا آنے والے ان تارکین وطن کے لیے ہیں جو زیادہ مانگ والے پیشوں کی مہارتیں، کوالیفکیشنز یا تجربہ رکھتے ہوں۔

سکلز اسیسمنٹ سے آپ کو اپنی مرضی کی ملازمت حاصل کرنے میں مدد مل سکتی ہے

سکلز اسیسمنٹ میں آپ کی مہارتوں، کوالیفیکیشنز اور کام کے تجربے کو جانچا جاتا ہے۔

کامیاب نتیجے کا مطلب ہے کہ آپ کی مہارتوں کو آسٹریلیا میں منظور کر لیا گیا ہے۔

باری کے انتظار سے بچیں - اپنی سکلز اسیسمنٹ جلد مکمل کروائیں

تمام مطلوبہ کاغذات فراہم کرنے کے بعد آپ کو تقریباً 15 دفتری دنوں میں آپ کی سکلز اسیسمنٹ کا نتیجہ مل جائے گا۔

آپ ان صورتوں میں اس پائلٹ کے لیے اہل ہو سکتے ہیں کہ:

- ✓ آپ کے پاس کسی اہل پیشے کی مہارتیں، تجربہ اور/یا کوالیفکیشنز ہوں
- ✓ آپ کے چنے ہوئے پیشے میں پہلے آپ کی سکلز اسیسمنٹ نہ ہوئی ہو
- ✓ آپ آسٹریلیا میں اہل فیملی، پارٹنر، ریفیوجی یا ہیومینیٹیرین ویزے پر رہ رہے ہوں، اور آپ کو یہ ویزا 1 جنوری 2016 کو یا اس کے بعد ملا ہو۔

اس پائلٹ کی درخواست دینے کے لیے:

اس پیشے کی اسیسنگ اتھارٹی سے رابطہ کریں جو آپ کی مہارتوں، کوالیفیکیشنز یا تجربے کے لیے درست اتھارٹی ہے۔

اسیسنگ اتھارٹیز پر سکلز اسیسمنٹ کی ذمہ داری ہے اور مختلف پیشوں کے لیے مختلف اسیسنگ اتھارٹیز ہیں۔

آپ کی اسیسنگ اتھارٹی چیک کرے گی کہ آیا آپ اہل ہیں۔

جلد قدم اٹھائیں کیونکہ یہ ایک محدود موقع ہے - **آج ہی درخواست دیں!**

مزید معلومات کے لیے:

سکلز اسیسمنٹ پائلٹ کی ویب سائیٹ دیکھیں:

www.dewr.gov.au/skills-assessment-pilots

مزید معلومات لیں